# محرک رقم (اسٹیمولَس منی) کا تیسرا دور:
# مارچ 2021 میں ریکوری ریبیٹس
# کا آغاز ہو رہا ہے

THE LEGAL AID SOCIETY
Justice in Every Borough.

**اعلان دستبرداری: یہ ایڈوائزری لیگل ایڈ سوسائٹی کے ذریعہ تیار کی گئی ہے۔ یہ ایڈوائزری قانونی مشورہ نہیں ہے اور امیگریشن، ٹیکس، اور/یا بینیفٹس ایکسپرٹ کے مشورے کا بدل نہیں ہے۔ اس میں درج معلومات اس دستاویز کے نچلے حصے میں ورژن کی تاریخ تک تازہ ہیں، اور ان میں تبدیلی ہو سکتی ہے۔**

**امیریکن ریسکیو پلان (امریکی منصوبہ بحالی) برائے 2021 کیا ہے؟**
2021 کا امیریکن ریسکیو پلان ایکٹ لگ بھگ 1.9 ٹریلین ڈالر کا وفاقی بل ہے جس پر 11 مارچ، 2021 کو صدر بائیڈن نے دستخط کرکے اسے قانون کی شکل دی۔ اس میں COVID-19 کی وبا پر ردعمل کے حوالے سے متعدد التزامات ہیں، بشمول:

- ریکوری ریبیٹس (وصولی میں چھوٹ) کے ذریعہ لوگوں کے لیے رقم کی دستیابی
- بے روزگاری بیمہ کے فوائد میں اضافہ، اور
- بعض وفاقی ٹیکس کریڈٹس میں تبدیلیاں۔

نوٹ: اکنامک امپیکٹ پیمنٹ (اقتصادی اثر سے متعلق ادائیگی) (EIP) ریکوری ریبیٹ کریڈٹ (RRC) کی پیشگی ادائیگی ہے۔ لہذا، آپ کو آپ کے 2020 ٹیکس ریٹرن پر EIP کے لیے RRC کا حوالہ نظر آئے گا۔

**ریکوری ریبیٹ کیا ہے؟**
امیریکن ریسکیو پلان (امریکی منصوبہ بحالی) دیگر چیزوں کے ساتھ ساتھ ریکوری ریبیٹ کا بھی اہتمام کرتا ہے، جو COVID-19 کی وبا کے دوران وفاقی حکومت کی جانب سے ادائیگیوں کا تیسرا دور ہے۔ یہ ان لوگوں کو ملتا ہے جن کی آمدنی $80,000 سے کم رہی ہے شادی شدہ جوڑے جن کی آمدنی $160,000 سے کم رہی ہے؛ اور ٹیکس دینے والے گھرانے کے سربراہ کو جن کی آمدنی $120,000 سے کم ہے۔ یہ رقوم 2020 ٹیکس سال سے ہیں، اور آپ کے ٹیکسز پر مطابقت کردہ مجموعی آمدنی پر مبنی ہے۔ اگر آپ نے اس سال اپنا 2020 کا ٹیکس فائل نہیں کیا ہے تو، انٹرنل ریونیو سروس آپ کے 2019 کے ٹیکس ریٹرن کی رقم کا استعمال کرے گی۔

**ریکوری ریبیٹ کی رقم کتنی ہے؟**
ریکوری ریبیٹ فی اہل فرد $1,400 اور فی اہل منحصر فرد $1,400 ہے۔

**کون ریکوری ریبیٹ کا اہل (اہل نہیں) ہے؟**
CARES ایکٹ (جس نے مارچ 2020 میں شروع کرکے پہلے دور کی ادائیگیاں فراہم کی تھیں) اور کونسولیڈیٹڈ ایپروپریئیشنز ایکٹ 2021 (جس نے دسمبر 2020 سے شروع کرکے دوسرے دور کی ادائیگیاں فراہم کی تھیں) کے تحت پچھلے سال کے اسٹیمولَس پیمنٹ (تحریکی ادائیگی) میں کچھ تبدیلیاں ہوئی ہیں۔ حالیہ ریکوری ریبیٹ کا اہل ہونے کے لیے، یہ ضروری ہے کہ آپ سوشل سیکیورٹی نمبر (SSN) والے ایسے فرد ہوں جو ابھی ملازمت کے لیے اہل ہیں، اور کسی اور کے ٹیکسز پر منحصر فرد کے بطور آپ کے لیے دعوی نہیں کیا جا سکتا۔

اگر آپ کے پاس صرف ایک انفرادی ٹیکس دہندہ کا شناختی نمبر (ITIN) ہے تو آپ **نا اہل** ہیں، تاوقتیکہ آپ کے شوہر/بیوی کے پاس ایک SSN ہو اور وہ اس ٹیکس والے سال کے دوران امریکی مسلح افواج کا رکن رہا/رہی ہو، جس کے دوران آپ نے وہ ٹیکس ریٹرن فائل کیا ہے جو آپ کو ریکوری ریبیٹ کا اہل بناتا ہے

اگر آپ کے بچے کا SSN یا ایڈاپشن ٹیکس دہندہ کا شناختی نمبر (ATIN) ہے تو وہ ایسی صورت میں **اہل** ہیں، اگر آپ کے پاس SSN ہے۔

اگر آپ کے پاس SSNs یا ATINs ہیں اور آپ ملی جلی امیگریشن کی صورتحال والے خاندان کے رکن ہیں، تو SSNs یا ATINs والے اہل خاندان ریکوری ریبیٹ حاصل کرنے کے **اہل** ہیں اور وہ اہل خاندان جن کے پاس ITINs یا کوئی نمبر نہیں ہے وہ **نا اہل** ہیں۔ (استثناء: آپ کے پاس SSN ہے اور آپ اس ٹیکس والے سال کے دوران کسی وقت امریکی مسلح افواج کے ممبر

رہے ہیں جس کے دوران آپ نے وہ ٹیکس ریٹرن فائل کیا ہے جو آپ کو ریکوری ریبیٹ کا اہل بناتا ہے تو، ITIN والے آپ کے شوہر/بیوی **اہل** ہوں گے/گی)۔

**مجھے کیا کرنے کی ضرورت ہے؟**
آپ کو کچھ کیے بغیر **خود بخود** ریکوری ریبیٹ ملے گا، **اگر** آپ نے:

- 2020 کے لیے ٹیکس ریٹرن فائل کیا ہے،
- 2019 کے لیے ٹیکس ریٹرن فائل کیا ہے،
- 22 نومبر، 2020 سے قبل 2020 اسٹیمولس پیمنٹ (تحریکی ادائیگی) کے لیے نان-فائلرز ٹول کا استعمال کیا ہے،
- سوشل سیکیورٹی بینفٹس حاصل کرتے ہوں (بشمول ریٹائرمنٹ، معذوری، اور پسماندگان)،
- سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI) کے بینیفٹس حاصل کرتے ہوں،
- ریل روڈ ریٹائرمنٹ بینیفٹس حاصل کرتے ہوں، یا
- سابق فوجی ہوں یا ان کا VA معاوضہ یا پنشن بینیفٹس حاصل کرنے والے/والی مستفید ہوں۔

نوٹ: اپنا ٹیکس ریٹرن فائل کرنے کے بعد، آپ خود کار ریکوری ریبیٹ کے اہل ہوں گے، اگر آپ مذکورہ بالا اہلیت کے دیگر معیارات کی تکمیل کرتے ہوں۔ کسی ایسے فرد کے لیے ادائیگیاں بھی خودکار ہیں جنہوں نے آسان کردہ (سمپلیفائیڈ) ٹیکس ریٹرن جمع کروایا ہو جس پر IRS کے ذریعہ کارروائی کی گئی ہو۔

**میں کیسے درخواست دوں؟**
اگر آپ کے پاس مذکورہ بالا بینیفٹس میں سے کوئی نہیں ہے، آپ نے کم آمدنی یا آمدنی نہ ہونے کی وجہ سے 2019 میں ٹیکسز فائل نہیں کیے ہیں، اور آپ نے 22 نومبر، 2020 سے قبل IRS.gov نان-فائلرز ٹول کے ساتھ رجسٹر نہیں کیا ہے تو، اب آپ کو خودکار ادائیگی موصول نہیں ہوگی۔ اس کے بجائے آپ کے لیے ابھی اپنا 2020 کا وفاقی انکم ٹیکس ریٹرن **فائل** کرنا اور اپنے ریٹرن کے لائن 30 پر ریکوری ریبیٹ کا دعوی کرنا ضروری ہے۔

**اگر میرے بچے ہوں تو کیا کروں؟**
کسی بھی ایسے بچے کے لیے (عمر سے قطع نظر) جو آپ کے 2020 ٹیکس ریٹرن (یا اگر آپ نے ابھی تک اپنا 2020 ٹیکس ریٹرن فائل نہیں کیا ہے تو 2019 کے ٹیکس ریٹرن) پر بطور منحصر فرد درج ہے تو، آپ $1,400 کے اضافی ریکوری ریبیٹ کے اہل ہو سکتے ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ کسی اور کے ٹیکسز پر بطور منحصر بچے کا دعوی نہیں کیا گیا ہو، اور ان کا یا تو SSN یا ATIN ہو۔

**اور اگر میرے ایسے بچے ہوں جو کالج میں ہیں تو کیا ہوگا؟**
اگر آپ کے ایسے بچے ہیں جو کالج میں ہیں اور آپ بطور منحصر فرد ان کا دعوی کرتے ہیں تو، وہ بھی ریکوری ریبیٹ کے اہل ہیں۔ ادائیگی آپ کو ہوگی، بچوں کو نہیں۔

حالیہ گریجویٹس جو بطور منحصر فرد اہل نہیں ہیں، خود اپنے ٹیکس ریٹرنز پر ریکوری ریبیٹ کا دعوی کرنے کے اہل ہیں۔

**اور اگر میرا ایسا بچہ ہے جس کی پیدائش 2021 میں ہوئی ہے تو کیا کروں؟**
ایسی صورت میں کہ بچہ 2021 میں کسی وقت پیدا ہوا ہے، آپ کو ایسی صورت میں اس بچے کے لیے ریکوری ریبیٹ موصول ہوگا، اگر آپ آمدنی کی حدود کی تکمیل کرتے ہیں۔

**اگر میں ایک زیادہ عمر والے بالغ فرد کا دعوی بطور منحصر کروں تو کیا ہوگا؟**
اگر منحصر فرد کے بطور ان کا دعوی کیا گیا ہے تو، ایسے بالغ رشتہ داران بھی ریکوری ریبیٹ کے اہل ہوں گے۔ ادائیگی آپ کو ہوگی، بالغ منحصر فرد کو نہیں۔

**اگر اپنی 2020 کی آمدنی کی بنیاد پر میں نئے طور پر ریکوری ریبیٹ کے لیے اہل ہوں، لیکن میں نے اپنا 2020 کا ٹیکس ریٹرن فائل نہیں کیا ہے تو کیا کروں؟**
جتنی جلدی ممکن ہو اپنے 2020 کے ٹیکسز فائل کریں، اور ریکوری ریبیٹ کریڈٹ کا دعوی کریں۔ IRS کی ویب سائٹ کے مطابق، آپ نہ صرف موجودہ ادائیگی کے لیے حقیقی طور پر اہل ہو سکتے ہیں، بلکہ پچھلے سال سے بھی دو ادائیگیوں کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

**مجھے کتنی ادائیگی ہوگی؟**
آپ کی ریکوری ریبیٹ کی رقم کا انحصار آپ کے خاندان کی جسامت اور اس بات پر ہے کہ آپ کے 2020 ٹیکس ریٹرن (یا اگر آپ نے ابھی تک اپنا 2020 ٹیکس ریٹرن فائل نہیں کیا ہے تو 2019 کے ریٹرن) پر کتنی آمدنی رپورٹ کی جائے گی۔ $75,000 یا کم آمدنی اور بغیر بچوں والے واحد فرد، یا $112,500 یا کم آمدنی والے ٹیکس فائل کرنے والے گھرانے کے سربراہ، اور $150,000 یا کم آمدنی والے شادی شدہ جوڑے کے ہر اہل ممبر کو $1,400 کی پوری رقم دی جائے گی۔ البتہ، واحد فرد کی آمدنی میں $80,000، گھرانے کے سربراہ کی آمدنی میں $120,000، اور شادی شدہ جوڑوں کی آمدنی میں $160,000 تک کا اضافہ ہونے کے ساتھ ریکوری ریبیٹ کی رقم کم ہو جاتی ہے۔

**مجھے ریکوری ریبیٹ کب حاصل ہوگا؟**
ڈائرکٹ ڈیپازٹ کی ادائیگیاں شروع ہو چکی ہیں۔ سابقہ شیڈیولز کی بنیاد پر، کاغذی چیکس 22 مارچ، 2021 سے بھیجے جانے شروع کیے جائیں گے، اور اکنامک امپیکٹ پیمنٹ (EIP) کارڈ 29 مارچ، 2021 سے بھیجے جانے شروع کیے جائیں گے۔ پہلے کی طرح ہی، آپ کو اپنی ادائیگی کی صورتحال کا پتہ لگانے کے لیے I.R.S کے Get My Payment ٹول کا استعمال کر سکیں گے۔

**اگر مجھے اپنا 2020 کے ریکوری ریبٹس نہ ملیں تو کیا کروں؟**
اگر آپ مارچ 2020 (پہلی اسٹیمولَس پیمنٹ) یا دسمبر 2020 (دوسری اسٹیمولَس پیمنٹ) سے ریکوری ریبیٹ کے لیے اہل ہیں لیکن آپ کو یہ موصول نہیں ہوا ہے، تو آپ اپنا 2020 کا ٹیکس ریٹرن جمع کرواتے وقت ریکوری ریبیٹ کریڈٹ کا دعوی کرکے اس کی بھرپائی کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ IRS فارم 1040 یا SR-1040 کی لائن 30 پر اپنا دعوی کریں۔

**مجھے پہلے ہی اپنا ریکوری ریبیٹ موصول ہو چکا ہے اس میں لیکن میرے بچوں کے لیے اضافی رقم شامل نہیں ہے۔ میں کیا کروں؟**
اگر آپ کو اس سال کے ریکوری ریبیٹ کے ساتھ یہ نہیں ملا ہے تو، فی بچہ اضافی $1,400 حاصل کرنے کے لیے آپ کو اپنا 2020 ٹیکس ریٹرن 2021 میں فائل کرنے کی ضرورت ہوگی۔

**اگر میرے شوہر/بیوی نے میرے ساتھ ٹیکسز فائل کیے ہیں، لیکن ہم میں سے صرف ایک کے پاس سوشل سیکیورٹی نمبر ہے اور دوسرے کے پاس ITIN ہےتو کیا ہوگا؟**
یہ اب کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ شوہر/بیوی میں سے جس کے پاس بھی SSN ہے اسے ریکوری ریبیٹ مل سکتا ہے، اور دوسرے شوہر/بیوی کو یہ نہیں ملے گا۔

**استثناء:** اگر SSN کا حامل شوہر/بیوی اس ٹیکس والے سال کے دوران کسی بھی وقت امریکی مسلح افواج کے ممبر رہے ہیں جس کے دوران آپ نے وہ ٹیکس ریٹرن فائل کیا ہے جو آپ کو ریکوری ریبیٹ کا اہل بناتا ہے تو، ITIN والے آپ کے شوہر/بیوی بھی ریکوری ریبیٹ حاصل کرنے کے اہل ہوں گے/گی۔

**کیا مجھے ریکوری ریبیٹ کی واپس ادائیگی کرنی ہوگی؟**
نہیں۔ ریکوری ریبیٹ ایک ایڈوانسڈ ٹیکس کریڈٹ ہے جس کے لیے مستقبل میں کچھ نہیں کرنا ہوگا۔ اگر یہ آپ کو مناسب طریقے سے موصول ہوتا ہے تو، آپ کو اسے واپس ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اسے کسی اور چیز سے نہیں کاٹا جاتا۔ یہ قرضہ نہیں ہے؛ یہ ٹیکس ریفنڈ ہے۔

**کیا ریکوری ریبیٹ امیگریشن کے مقاصد کے لیے مجھے نقصان پہنچائے گا یا مجھے پبلک چارج کا مستوجب بنائے گا؟**
نہیں۔ امیگریشن کے مقاصد کے لیے ریکوری ریبیٹ کا شمار پبلک چارج میں نہیں ہوتا ہے۔ اگر یہ آپ کو مناسب طریقے سے موصول ہوتا ہے تو، امیگریشن سے متعلق اس کے کوئی منفی نتائج نہیں ہوتے۔

**کیا ریکوری ریبیٹ سے میرے کسی سرکاری فوائد میں کمی ہوگی یا میں اس کے لیے نا اہل ہو جاؤں گا؟**
نہیں۔ ریکوری ریبیٹ ایک وقتی ٹیکس ریفنڈ ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ اس کا شمار سرکاری بینیفٹس، بشمول سرکاری اعانت، میڈیکیڈ، SNAP (فوڈ اسٹیمپس)، SSI، سیکشن 8، اور NYCH میں بطور آمدنی نہیں ہوتا۔

SSI کے لیے، اس رقم کا شمار 12 مہینوں کے لیے وسائل کی حد $2,000 (انفرادی شخص کے لیے) یا $3,000 (جوڑوں کے لیے) کے خلاف نہیں کیا جاتا۔ سرکاری اعانت کے لیے، ہمارے خیال میں اس کا شمار اس کی موصولی والے مہینے کے بعد 2 مہینوں تک وسائل کی حد $2,000 (اگر عمر +60 ہو تو $3,000) کے خلاف نہیں ہوتا۔

**کیا ریکوری ریبیٹس وصولیوں سے مشروط ہے؟**
چونکہ ریکوری ریبیٹس وصولیوں سے تحفظ یافتہ ہے اور اس سے کسی وفاقی یا ریاستی قرضوں، بشمول چائلڈ سپورٹ کی تلافی نہیں کی جائے گی، لہٰذا وہ ابھی نجی قرضے کی ادائیگی کے لیے عدالتی تحویل کے حکم (Garnishment) سے تحفظ یافتہ نہیں ہے۔

**اگر میں ریکوری ریبیٹ کے لیے اہل نہیں ہو لیکن مجھے اتفاقی طور پر یہ موصول ہوجاتا ہے تو کیا ہوگا؟**
اگر آپ کو ریکوری ریبیٹ موصول ہو جاتا ہے لیکن آپ کی آمدنی تھریشولڈ سے اوپر ہونے کے سبب یہ آپ کو موصول نہیں ہونا چاہیئے تھا تو ہمارا ماننا ہے کہ IRS آپ کو اسے واپس ادا کرنے کو نہیں کہے گا۔ گزشتہ سال کے ریکوری ریبیٹس کے معاملے میں یہی ہوا تھا، اور ہمیں توقع ہے کہ موجودہ ریکوری ریبیٹس کے بھی یہی ہوگا۔

البتہ، اگر آپ اپنی امیگریشن کی صورتحال کے سبب اہل نہیں ہیں لیکن آپ کو اتفاقی طور پر کسی طرح سے ریکوری ریبیٹ مل جاتا ہے تو آپ کو امیگریشن سے متعلق کسی منفی نتائج کے امکان سے بچنے کے لیے اسے IRS کو واپس کردینا چاہیئے۔

پچھلے سال جاری کردہ ریکوری ریبیٹس کے معاملے میں، IRS نے ابتدائی طور پر یہ دعوی کیا کہ سزا یافتہ قیدی ریکوری ریبیٹس کے اہل نہیں ہیں، اور کہا کہ کسی سزا یافتہ قیدی کو کی گئی ادائیگی IRS کو واپس کی جانی چاہیئے۔ قانونی چارہ جوئی کے سبب، اب یہ معاملہ نہیں رہا۔ ایسے لوگ جو 27 مارچ 2020 سے ابھی تک کسی بھی وقت قید یا جیل میں بند رہے ہیں لیکن گزشتہ سال کی ادائیگیوں کے لیے اہلیت کے معیار کی تکمیل کرتے ہیں وہ بینیفٹ حاصل کر سکتے ہیں۔ یہی بات موجودہ ریکوری ریبیٹ کے لیے بھی درست ہے۔

متوفی افراد، یا کوئی جائیداد یا ٹرسٹ، بدستور نا اہل ہے۔ IRS کا کہنا ہے کہ اگر کسی ایسے شخص کو ریبیٹ دیا جاتا ہے جس کی وفات اس کی وصولی سے قبل ہو جاتی ہے تو ریبیٹ کو واپس کردیا جانا چاہیئے۔

**بے روزگاری بیمہ معاوضہ کے وظائف میں توسیع**
معمول کے بے روزگاری بیمہ (UI) کے معاوضہ کے وظائف میں مزید 25 ہفتوں کی توسیع کی گئی ہے اور اس میں $300 فی ہفتہ کا اضافہ کیا جائے گا۔ اس میں وباء سے متعلق بے روزگاری کی اعانت (PUA) شامل ہے جو ایسے کارکنان کے UI بینیفٹس میں توسیع فراہم کرتی ہے جو روایتی طور پر نا اہل ہیں، جیسے کہ مختصر مدتی یا آزاد پیشہ کارکنان اور آزادانہ ٹھیکیداران

وبا سے متعلق ہنگامی بے روزگاری کے معاوضہ (PEUC)، میں بھی توسیع کرکے مجموعی طور پر زیادہ سے زیادہ 79 مہینوں تک کردیا جائے گا، جس کی میعاد پہلے 14 مارچ، 2021 کو ختم ہونے والی تھی۔ ایسے لوگ جنہیں 14 مارچ، 2021 تک 26 ہفتوں کی معیاری مدت کے بعد بھی بینیفٹس موصول ہو رہے تھے انہیں وہ 6 ستمبر، 2021 تک ملتے رہیں گے اگر وہ اپنے بینیفٹس کے ہفتوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد تک نہیں پہنچے ہوں۔

ریاستوں کے لیے بینیفٹس کے انتظار والے ہفتوں کو ختم کرکے وفاقی فنڈنگ میں توسیع کی جائے گی۔ خود کے روزگار سے کم از کم $5,000 کی آمدنی حاصل کرنے والے کارکنان، کمتریں UI بنیادی ادائیگی کی مطابقت کے حوالے سے مخلوط کمانے والوں کی بے روزگاری کے معاوضہ (Mixed Earner Unemployment Compensation) کے حصے کے طور پر فی ہفتہ اضافی $100 کے اہل ہو سکتے ہیں۔

اگرچہ بے روزگاری کے بینیفٹس قابل ٹیکس ہیں، تاہم نئے قانون نے $150,000 سے کم آمدنی والے لوگوں کے لیے بینیفٹس کے پہلے $10,200 کو ٹیکس فری کردیا ہے۔ اس کا اطلاق صرف 2020 پر ہوتا ہے۔

**چائلڈ ٹیکس کریڈٹ اور کمائی ہوئی آمدنی پر ٹیکس کریڈٹ**
چائلڈ ٹیکس کریڈٹ (Child Tax Credit, CTC) اور کمائی ہوئی آمدنی پر ٹیکس کریڈٹ (Earned Income Tax Credit, EITC) جسے کمائی ہوئی آمدنی پر انکم کریڈٹ [EIC] بھی کہا جاتا ہے) کا حساب محصولی سال 2020 کے لیے ماضی کے مقابلے الگ طرح سے کیا جائے گا۔ مکمل کریڈٹ کا اہل ہونے کے واسطے، ہر کریڈٹ کے لیے، آپ کے پاس کمائی ہوئی آمدنی

کی مخصوص مقدار ہونا لازمی ہے، جو خاندان کی جسامت پر مبنی ہے۔ البتہ، وبا کے دوران، بہت سارے لوگوں نے، جو عام طور پر اہل ہوتے، ممکنہ طور پر کم کمائی کی کیونکہ ان کی ملازمتیں ختم ہو گئیں یا انہوں نے کمتر گھنٹے کام کیے۔ 2020 میں کمتر آمدنی کی وجہ سے ہوسکتا ہے کہ آپ ان کریڈٹس کے لیے اہل نہ ہوں، تاہم ریکوری ریبیٹ کے نئے قانون میں ایک التزام شامل ہے جو آپ کو محصولی سال 2020 کے لیے اپنے CTC اور EITC کا حساب لگانے کے لیے آپ کے 2019 کی کمائی گئی آمدنی کا استعمال کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ امید ہے کہ اس سے آپ کو ان کریڈٹس کا اہل ہونے میں مدد ملے گی۔

مزید برآں، CTC، جس کی مالیت عام طور پر فی اہل بچہ $2,000 ہے، کو بڑھا کر $3,000 فی بچہ (5 سال اور کم عمر کے لیے $3,600) کردیا گیا ہے، اور اہل بچوں کے لیے عمر کی حد کو بڑھا کر 16 سے 17 کردیا گیا ہے۔

آپ اپنے 2021 ٹیکسز پر بطور پیشگی کچھ کریڈٹس حاصل کر سکتے ہیں۔ (اگر آپ چاہیں تو آپ پیشگی ادائیگیوں سے منع بھی کر سکتے ہیں۔) یہ قانون کریڈٹ کو مکمل طور پر قابل واپسی بناتا ہے، جس کا مطلب ہے کہ آپ ٹیکس ریفنڈ کے طور پر اس سے رقم وصول کر سکتے ہیں خواہ آپ کا ٹیکس بل کم ہو کر صفر ہوگیا ہو۔ اگلے چھ مہینوں میں اس کی نصف رقم آپ کو پیشگی دی جا سکتی ہے (آپ کے 2020 کے ٹیکس کی معلومات، یا اگر آپ نے ابھی تک اپنا 2020 کا ٹیکس ریٹرن فائل نہیں کیا ہے تو، آپ کے 2019 کے ٹیکس کی معلومات پر مبنی)۔

نوٹ: یہ بات واضح نہیں ہے کہ ادائیگیاں کتنی بار کی جائیں گی۔

**بچے اور منحصر فرد کی نگہداشت کا کریڈٹ**

بچے اور منحصر فرد کی نگہداشت کا کریڈٹ، جو کام کرنے والے خاندانوں کو 13 سال سے کم عمر کے بچوں اور دیگر منحصرین کی نگہداشت کے اخراجات کی تکمیل میں مدد کرتا ہے، اس میں محصولی سال 2020 کے لیے کافی توسیع کی جائے گی۔ صرف اس سال کے لیے، کریڈٹ، کی مالیت جو دو یا زیادہ اہل افراد کے لیے زیادہ سے زیادہ $2,100 ہے، اب اس کی مالیت ایک اہل فرد کے لیے $4,000 یا دو یا زیادہ افراد کے لیے $8,000 ہے۔

یہ قانون آمدنی کی اس سطح میں بھی کافی اضافہ کرتا ہے جس پر کریڈٹ میں تخفیف شروع ہوتی ہے۔ گزشتہ سالوں میں، کریڈٹ میں تخفیف $15,000 کی مطابقت کردہ مجموعی آمدنی سے شروع ہوتی تھی، لیکن اس سال تخفیف کا آغاز $125,000 سے ہوگا۔

اس کے علاوہ، ریکوری ریبیٹ کا تیسرا دور کریڈٹ کو مکمل طور پر قابل واپسی بناتا ہے تاکہ آپ اپنا ٹیکس بل صفر ہونے کی صورت میں بھی بطور ریفنڈ رقم پا سکیں۔